# جاوید عنبر مصباحی ساہتیہ اکادمی یووا پرسکار سے نوازے گئے



سیتامڑھی: ساہتیہ اکادمی کے چیئرمین ڈاکٹر مادھو کوشک سے ایوارڈ وصول کرتے ہوئے جاوید عنبر مصباحی

سیتامڑھی (اسٹاف رپورٹر) ضلع کے کسیا پٹی باج پٹی کے نوجوان فکشن نگار اور دہلی یونیورسٹی کے ریسرچ اسکالر جاوید عنبر مصباحی کو ساہتیہ اکادمی یووا پرسکار سے نواز اگیا۔ اڈیشہ کے بھونیشور میں منعقد پروقار تقریب میں ۲۴/ زبانوں میں یووا پرسکار جیتنے والے ۲۴/ نوجوان ادیبوں کو ایوارڈ سے نوازا۔ ساہتیہ اکادمی نے اس سال تقسیم انعامات کا پروگرام اتکل یونیورسٹی بھونیشور میں منعقد کیا تھا۔ ساہتیہ اکادمی یووا پرسکار ۳۵/ سال سے کم عمر نوجوان قلم کاروں کو دیا جانے والا بھارت کا سب سے بڑا انعام ہے۔ اس میں توصیفی شیلڈ کے علاوہ ۵۰/ ہزار روپے نقد بھی دیا جاتا ہے۔ جاوید عنبر مصباحی کو یہ ایوارڈ ان کے پہلے افسانوی مجموعے 'ٹشینی' پر دیا گیا ہے۔ جاوید عنبر سیتامڑھی میں کسیا پٹی باج پٹی کے رہنے والے ہیں اور دہلی یونیورسٹی سے پی ایچ ڈی کر رہے ہیں۔ اس سے پہلے ان کی کتابیں 'اسلام اور عیسائیت ایک تقابلی مطالعہ'، 'بائبل میں نقوش محمدی'، 'گلہائے اردو'، 'اسلامی قوانین بائبل اور دور جدید کے تناظر میں' ہند اور بیرون ہند سے شائع ہو کر داد و تحسین حاصل کر چکی ہیں۔